1101-کتا کھانے والے کو کتا ہدیہ کرنا

سوال

ایک مسلمان شخص نے چوکیداری کے لیے کتا پالا اور جب اس سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہا تو اس نے کتا کھانے والے شخص کو دے دیا، کیا ایسا کرنا صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

نہ تو کتے کھانا جائز ہیں، اور نہ ہی
کسی دوسرے شخص کو کھانے کے لیے کتا دینا جائز ہے، کیونکہ اس کا کھانا حرام ہے، اور
حرام کھانے میں معاونت کرنا بھی حرام ہے.

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا
فرمان ہے :

"ہر کچلی والا جانور حرام ہے"

اسے امام مسلم رحمہ اللہ نے ابو
ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے.

اور ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالی
عنہ کی حدیث میں ہے کہ :

"رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
ہر کچلی والا جانور کھانے سے منع فرمایا"

متفق علیہ.

اور کتا اپنی کچلی (نوکیلے دانتوں
سے) چیر پھاڑ کرنے والا وحشی جانور ہے، اس لیے آپ کو اس فعل پر اللہ تعالی کے ہاں
توبہ و استغفار کرنی چاہیے، اللہ سبحانہ و تعالی بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے.

واللہ اعلم.